سوال

(447) حنفی حضرت ہم سے نماز میں پاؤں نہیں ملاتے الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہم جب حنفیوں کی مسجد میں نماز ادا کرنے جاتے ہیں۔ تو وہ لوگ پاؤں سے پاؤں نہیں ملاتے۔ بلکہ اگر ہم ملاتے بھی ہیں۔ تو وہ لوگ اپنی طرف اپنے پاؤں کھینچ لیتے ہیں۔ اگر ہم گھر میں اپنے اہل و عیال کے ساتھ جماعت کرلیں تو جائز ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز مسجد میں پڑھنی بہتر ہے۔ پیر ملانے پر اگر کوئی ناراض ہو تو گناہ اس کو ہے۔ چاہیے کہ جماعت کھڑی ہونے کے وقت پیر ملا لیا کریں۔ جو لوگ رکوع کے وقت ملانے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان کو چاہیے کہ کھڑے ہوتے ہی ملا لیا کریں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ ثنائیہ امرتسری]

جلد01 ص611

محدث فتویٰ